رول نمبر اُمیدوار : ________

اردو (لازمی) (پہلا گروپ) 419 - (II) (انٹرمیڈیٹ پارٹ II) پرچہ II

وقت: 20 منٹ **معروضی** مارکس: 20

**Code: 8023**

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A ، B ، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

.1 (الف) درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

1 - مولوی نذیر احمد ______ سے فارغ التحصیل ہوئے۔
(A) علی گڑھ کالج (B) دلی کالج (C) امرتسر کالج (D) گورنمنٹ کالج

2 - قرطبہ کے قاضی کا نام ______ تھا۔
(A) عبداللہ (B) منصور (C) حلاوہ (D) یحییٰ

3 - علی گڑھ کالج ______ میں یونیورسٹی کے درجے تک پہنچا۔
(A) 1920ء (B) 1921ء (C) 1922ء (D) 1923ء

4 - مزاج دار بہو نے کہا: میرے پاس ______ روپے نہیں ہیں۔
(A) تیس (B) چالیس (C) پچاس (D) ساٹھ

5 - دمشق سے روانگی کے وقت محمد بن قاسم کی فوج ______ ہزار تھی۔
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

(ب) مطابقت اور حروف کا درست استعمال مدِ نظر رکھ کر درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

6 - وہ دیر سے آیا ______ کام مکمل کر کے لایا۔
(A) کہ (B) چونکہ (C) البتہ (D) تاکہ

7 - میری تنخواہ بڑھا دو ______ کام چھوڑ دوں گا۔
(A) اگر (B) کہ (C) البتہ (D) ورنہ

8 - علی نے کتاب، قلم اور کاپی ______ ۔
(A) خریدے (B) خریدی (C) خریدا (D) خریدیں

9 - گھر ماں کی سلطنت ______ ۔
(A) ہوتا ہے (B) ہوتی ہے (C) ہوتے ہیں (D) ہوتی ہیں

10 - اس کا پلاٹ، مکانات، دکانیں سب کچھ بک ______ ۔
(A) گئے (B) گئیں (C) گیا (D) گئی

(ج) رموزِ اوقاف کو ملحوظ رکھتے ہوئے، درست جواب کا انتخاب کیجئے : (5)

11 - فجائیہ کی علامت ______ ہے۔
(A) ، (B) ؛ (C) : (D) !

12 - سب سے مختصر ٹھہراؤ کی علامت ______ ہے۔
(A) سکتہ (B) وقفہ (C) واوین (D) خط

13 - واہ ______ کتنا سہانا موسم ہے۔
(A) ! (B) ، (C) ۔ (D) :

14 - "تم کہاں جا رہے ہو" جملے کے آخر میں ______ کی علامت آئے گی۔
(A) سکتہ (B) وقفہ (C) سوالیہ (D) ختمہ

15 - (:-) یہ علامت ______ کہلاتی ہے۔
(A) خط (B) تفصیلیہ (C) رابطہ (D) قوسین

(د) امدادی اَفعال کے درست استعمال والے جملے کا انتخاب کیجئے : (5)

16 - رہنا:
(A) دن بھر شور رہا۔ (B) تم کہاں رہتے ہو؟ (C) اصولوں پر قائم رہو۔ (D) وہ آرام سے رہ رہا ہے۔

17 - اُٹھنا:
(A) امجد دیر سے اُٹھا۔ (B) اُس کا چہرہ کھل اُٹھا۔ (C) آپ کب اُٹھیں گے؟ (D) دیر سے اُٹھنا بُری بات ہے۔

18 - پانا:
(A) وہ وقت پر نہ پہنچ پایا۔ (B) سوچو! کیا کھویا، کیا پایا۔ (C) محنت کا پھل پاؤ۔ (D) اچھے لوگ عزت پاتے ہیں۔

19 - دینا:
(A) اُدھار مت دو۔ (B) زکوٰۃ دیا کرو۔ (C) مجھے کتاب دے دو۔ (D) کھیتوں کو پانی دینا ہے۔

20 - ہونا:
(A) تمھیں کیا ہوا ہے؟ (B) پتے بکھرے ہوئے تھے۔ (C) کاش! آج بارش ہو۔ (D) یہ واقعہ کب ہوا؟